یارڈ کے آرڈیننس پر سوالات و جوابات

سوال1 : یارڈ کیا ہے؟

جواب : گاڑیاں سکریپ کرنے کے لیے عمارت یا جگہ ہے۔

سوال2 : کہاں رجسٹریشن کروا سکتا ہوں؟

جواب : اپنے یارڈ کے قریبی پولیس اسٹیشن کے شعبہ پبلک سیفٹی پر رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

سوال3 : کب سے رجسٹریشن کروا سکتا ہوں؟

جواب : اس آرڈیننس کا رجسٹریشن یکم اکتوبر 2019 سے کروا سکتے ہیں۔ اس آرڈیننس کے تحت سکریپ کا کام کرنے والے کو یکم دسمبر 2019 تک رجسٹریشن کروانے کی ضرورت ہے۔

سوال4 : گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت ہو تو رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہیں؟

جواب : جی ہاں۔ گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت ہو تو آرڈیننس کے مطابق رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہیں۔

سوال5 : آرڈیننس کے مطابق رجسٹریشن کرواؤں تو گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں؟

جواب : اس آرڈیننس کے تحت یہ رجسٹرشن گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کا متبادل نہیں۔ آرڈیننس کے تحت رجسٹریشن کروانے کے ساتھ گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کی اجازت بھی لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کی تفصیل کے لیے آئیچی پریفیکچر کا دفتر، ماحولیات ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

سوال6 : آرڈیننس کے تحت رجسٹریشن کروانے کے لیے فیس ادا کرنے کی ضرورت ہے؟

جواب : کوئی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔

سوال7 : اگر رجسٹریشن نہیں کرواؤں تو کیا ہو گا؟

جواب : اگر رجسٹریشن کیے بغیر سکریپ کا کام کریں تو زیادہ سے زیادہ چھ مہینے کی قید با مشقت یا تین لاکھ ین کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔

سوال8 : رجسٹریشن کے لیے کیا دستاویزات ضروری ہیں؟

جواب : سکریپ کا کام شروع کرنے کا رجسٹریشن نامہ، یارڈ کا اندرونی نقشہ، یارڈ کا بیرونی نقشہ، یارڈ کی زمین یا عمارت وغیرہ استعمال کرنے کے حقوق کے متعلق دستاویزات، ریزیڈینس سرٹیفکیٹ، کمپنی کی رجسٹریشن کے متعلق دستاویزات ضروری ہیں۔

سوال9 : گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت لینے والے کو بھی ملازموں کے ناموں کی لسٹ تیار کرنے کی ضرورت ہے؟

جواب : لیبر معیار کے قانون کے مطابق ملازموں کے ناموں کی لسٹ تیار ہو تو آرڈیننس کے مطابق نئی لسٹ تیار کرنے کی ضرورت نہیں۔
مگر لسٹ میں غیر ملکی ملازموں کی قومیت، رہائشی حیثیت وغیرہ بھی اندراج کرنے کی ضرورت ہے۔

سوال10 : گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت لینے والے کو بھی لین دین کا ریکارڈ بنانے کی ضرورت ہے؟

جواب : گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق انٹرنیٹ پر گاڑیوں کا اندراج نہیں کریں تو آرڈیننس کے مطابق لین دین کا ریکارڈ بنانے کی ضرورت ہے۔

سوال11 : گاڑیاں سکریپ کرنے کا مطلب کیا ہے؟

جواب : گاڑیوں کی باڈی کاٹنا اور باڈی سے انجن، ایکسل وغیرہ کے پارٹس الگ کرنا ہے۔
اسپیشل مشینری گاڑیوں[مثلاً power shovel] کے متعلق بتاؤں تو arm یا boom
[bucket تو نہیں] باڈی سے الگ کرنے کا مطلب سکریپ کرنا ہے۔

رابطہ معلومات
آئیچی پریفیکچر پولیس کا ویب سائٹ تصدیق کیجیے۔[یارڈ آرڈیننس پر تلاش کریں]
آئیچی پریفیکچرپولیس ہیدکواٹر کرائم تفتیشی ڈپاڑٹمنٹ، انٹرنیشنل تفتیشی ڈویژن، شعبہ یارڈ
052-951-1611 پر فون کیجیے۔

آئیچی پریفیکچر پولیس